CityFHEPS سے متعلق اکثر پوچھے گئے سوالات
کمیونٹی میں موجود کلائنٹس کے لیے
(Urdu)

یہ دستاویز CityFHEPS کے کرایے میں اعانت پروگرام کے بارے میں عمومی معلومات فراہم کرتی ہے۔ یہ معلومات نیو یارک کے ان باشندوں کے لیے ہے جن کے پاس فی الحال رہائش ہے لیکن وہ اس سے محروم ہونے کے خطرے کی زد میں ہو سکتے ہیں۔ یہ CityFHEPS کے پروگرام کے عمل کے بارے میں پوری تفصیلات فراہم کرنے کے ارادے سے نہیں ہے۔

CityFHEPS کیا ہے؟

CityFHEPS رہائش تلاش کرنے اور برقرار رکھنے میں افراد اور اہل خانہ کی مدد کرنے کے لیے کرایے میں اعانت کا ایک پروگرام ہے۔ اس کا بندوبست محکمہ برائے سماجی خدمات (Department of Social Services, DSS) کے ذریعہ کیا جاتا ہے جس میں محکمہ برائے بے گھر افراد سے متعلق خدمات (Department of Homeless Services, DHS) اور ہیومن ریسورسز ایڈمنسٹریشن (Human Resources Administration, HRA) شامل ہیں۔

صرف DSS ہی پروگرام کے لیے آپ کی اہلیت کا تعین کر سکتا ہے۔ آپ کی اہلیت کئی ایک عوامل پر مبنی ہوتی ہے۔ ذیل کی معلومات اس بابت بنیادی رہنمائی فراہم کرتی ہے کہ اہلیت کا تعین کس طرح کیا جاتا ہے۔

کیا مجھے CityFHEPS مل سکتا ہے؟

CityFHEPS کا اہل ہونے کے لیے، گھرانوں پر لازم ہے کہ ان کی مجموعی آمدنی وفاقی سطح افلاس کے 200% پر یا اس سے کم ہو اور وہ درج ذیل چار (4) میں سے **ایک** شرط پوری کرتے ہوں:

1. گھرانے میں کوئی ایسا فرد شامل ہو جس نے امریکی مسلح افواج میں خدمت انجام دی ہو اور بے گھر ہونے کے خطرے کی زد میں ہو؛ **یا**
2. گھرانے کو LINC VI یا پاتھ وے ہوم (Pathway Home) کے فوائد ملتے ہوں اور اگر وہ DHS یا HRA کی پناہ گاہ میں رہتے ہوں تو CityFHEPS کے لیے اہل ہوں؛ **یا**
3. گھرانے کو CityFHEPS کے اہل قرار دینے والے پروگرام کے ذریعہ متعارف کروایا گیا تھا اور DSS نے یہ تعین کیا تھا کہ پناہ گاہ میں داخلے سے بچنے کے لیے CityFHEPS کی ضرورت تھی؛ **یا**
4. گھرانے کو عدالت میں بے دخلی کا سامنا ہو رہا ہو (یا گزشتہ سال میں بے دخل کیا گیا ہو)
اور:
   - کوئی ایسا فرد شامل ہو جو ازیں قبل DHS کی پناہ گاہ میں رہا ہو؛ **یا**
   - کوئی ایسا فرد شامل ہو جس کا بالغانہ حفاظتی خدمات (Adult Protective Services, APS) کا کیس ہو یا کسی نامزد کمیونٹی کی سرپرستی کے پروگرام میں ہو؛ **یا**
   - کرایہ منضبط اپارٹمنٹ میں رہتا ہو اور وہ اس اپارٹمنٹ میں رہنے کے لیے CityFHEPS استعمال کرے گا۔

(صفحہ پلٹیں)

میں CityFHEPS کے لیےکس طرح درخواست دوں؟
CityFHEPS کے لیے درخواست دینے کے لیے، آپ کو Homebase نامی DSS کے غیر منفعتی خدمت فراہم کنندگان میں سے ایک سے رابطہ کرنا ضروری ہے۔ نیو یارک سٹی کے پانچوں بوروز میں 20 سے زیادہ دفاتر ہیں۔ ہوم بیس کے بارے میں مزید جاننے اور اپنا قریب ترین مقام تلاش کرنے کے لیے https://www1.nyc.gov/site/hra/help/homebase.page ملاحظہ کریں۔

ہوم بیس یا HAP کے دفتر میں آپ کے پہنچ جانے پر، ایک کیس ورکر CityFHEPS کے لیے آپ کی امکانی اہلیت کی تشخیص کرنے کے لیے DSS کو درکار معلومات اکٹھا کرے گا۔

کیس ورکر آپ کو دیگر عوامی فوائد بشمول وفاقی اور ریاستی کرایے میں اعانت پروگراموں کے لیے درخواست دینے کا حوالہ دے سکتا ہے۔

اگر آپ کے گھرانے کو فوائد کے لیے اہل پایا جاتا ہے اور یہ پیش کیے جاتے ہیں تو آپ پر انہیں قبول کرنا **لازم** ہے۔ یہ CityFHEPS پروگرام کا تقاضا ہے۔

اگر میں CityFHEPS کے لیے اہل ہوں تو مجھے کیسے معلوم ہوگا؟
جب آپ کو اپنے کیس ورکر سے DSS کے خطوط ملیں گے تو آپ کو پتہ چلے گا کہ آپ CityFHEPS کے لیے اہل ہو سکتے ہیں۔ آپ کے کیس ورکر کی جانب سے آپ کو دو خطوط مل سکتے ہیں۔

یہ "خریداری کا خط" اور "گھرانے کی حصہ داری کا خط" ہیں۔ جو گھرانے اپنی موجودہ رہائش میں رہنے یا نئی رہائش میں منتقل ہونے کے خواہاں ہوں ان دونوں کو گھرانے کی حصہ داری کا خط ملے گا لیکن جو صرف نئی رہائش حاصل کرنے کے خواہاں ہوں انہیں خریداری کا خط ملے گا۔

CityFHEPS موصول کرنے کے لیے آپ کی اہلیت کئی ایک عوامل پر مبنی ہوتی ہے بشمول لیکن بلا تحدید، آیا آپ کی شناخت کردہ رہائشی یونٹ CityFHEPS کے تقاضوں پر پورا اترتی ہے یا نہیں اور آیا آپ CityFHEPS کی اہلیتی شرائط پورا کرتے ہیں یا نہیں۔

میرے کیس ورکر کی جانب سے مجھے جو خطوط ملتے ہیں ان کا میں کیا کروں؟
گھرانے میں حصہ داری کا خط **صرف آپ کے استعمال کے لیے** ہے۔ یہ امکانی مالکان مکان یا بروکرز کے ساتھ اشتراک کرنے کے لیے نہیں ہے۔

گھرانے کی حصہ داری کا خط آپ کو بتاتا ہے:

- آپ کے امکانی CityFHEPS کے کرایہ میں اعانت کے تکملہ کی رقم؛
- اس بابت ایک تخمینہ کہ کرایے کی کتنی رقم آپ کو ادا کرنی ہوگی (آپ کے "گھرانے کی حصہ داری")؛ اور
- CityFHEPS موصول کرنے کے لیے آپ کے اہل ہو سکنے کی وجوہات:

(صفحہ پلٹیں)

میرے کیس ورکر کی جانب سے مجھے جو خطوط ملتے ہیں ان کا میں کیا کروں *(جاری)*؟

ضروری ہے کہ گھرانے کی حصہ داری کے خط پر درج اپنی معلومات صحیح ہونے کو یقینی بنانے کے لیے آپ ان کا جائزہ لیں۔ اگر آپ کو CityFHEPS کے لیے منظوری مل جاتی ہے تو آپ کے گھرانے کی حتمی حصہ داری کے ساتھ DSS کی جانب سے ایک خط ملے گا۔ اگر آپ کے گھرانے کی حصہ داری کا خط آپ کو موصول ہونے کے بعد سے آپ کی معلومات تبدیل ہوئی ہیں تو آپ کی منظوری کے خط کے بقول آپ کو جتنی رقم ادا کرنی ہے وہ مختلف ہو سکتی ہے۔ آپ کی منظوری کے خط میں وہ درست رقم درج ہے جو آپ کو ادا کرنی ہے۔

اگر میں اپنی موجودہ رہائش میں رہنا چاہتا ہوں تو کیا ہوگا؟

آپ کا کیس ورکر DSS کے پاس CityFHEPS کے لیے درخواست دائر کرنے میں آپ کی مدد کرے گا، جس میں آپ کی اہلیت، بے دخلی کی دستاویزی شہادت اور بقایا جات کی دستاویزی شہادت شامل ہوگی۔

آپ کی موجودہ رہائشی یونٹ میں CityFHEPS وصول کرنے کی آپ کی اہلیت کئی ایک عوامل پر مبنی ہوگی، بشمول لیکن بلا تحدید، آیا آپ کی شناخت کرد رہائشی یونٹ CityFHEPS کے تقاضوں پر پورا اترتی ہے یا نہیں، کرایہ کے بقایا جات کی رقم، اور آیا آپ CityFHEPS کی عمومی اہلیتی شرائط پورا کرتے ہیں یا نہیں۔

اگر میں نئی رہائش میں منتقل ہونا چاہتا ہوں تو کیا ہوگا؟

آپ کو گھرانے کی حصہ داری کا خط اور خریداری کا خط ملے گا۔ آپ کی خریداری کا خط **120 دنوں کے لیے موزوں** ہے۔ اختتامی تاریخ خریداری کے خط پر مندرج ہے۔ آپ کو یہ خط موصول ہو جانے پر، آپ رہائش تلاش کرنا شروع کر سکتے ہیں۔

آپ کسی امکانی مالک مکان یا بروکر کے ساتھ خریداری کے خط کا اشتراک کر سکتے ہیں۔ خریداری کا خط، آپ، آپ کے مالک مکان اور/یا بروکر کو بتائے گا:

- کرایے کی وہ اعلی ترین رقم جس کی اجازت CityFHEPS آپ کے گھرانے کے سائز اور رہائش کی قسم کے لیے اجازت دے گا؛
- CityFHEPS کی اہلیت کی تشخیص جاری رکھنے کے لیے مالک مکان یا بروکر کی جانب سے درکار دستاویزی شہادت؛ اور
- یہ مالکان مکان اور بروکروز کو ہماری ویب سائٹ، www.nyc.gov/dsshousing پر بھی لے جائے گا جہاں پر وہ جو مالی مراعات حاصل کرنے کے اہل ہو سکتے ہیں ان کے بارے میں معلومات حاصل کی جا سکتی ہیں۔

خریداری کا خط اور گھرانے کی حصہ داری کا خط آپ کو موصول ہو جانے پر، آپ اپارٹمنٹ، سنگل روم آکیوپنسی (single room occupancy, SRO) یونٹ یا کمرہ تلاش کرنا شروع کر سکتے ہیں۔ آپ کو رہائش کا ایک امکانی اختیار تلاش کرنا اور پھر اپنی درخواست مکمل کرنے کے لیے اپنے کیس ورکر سے رابطہ کرنا ضروری ہے۔

آپ کے گھرانے کے سائز کے لیے رہائش کا مناسب اختیار تلاش کر لینے اور اپنے کیس ورکر سے آپ کے رابطہ کر لینے پر، وہ آپ کی درخواست اور دستاویزات آپ کی جانب سے DSS کو جمع کروائیں گے تاکہ وہ یہ تعین کر سکیں کہ آیا آپ CityFHEPS کے لیے اہل ہیں۔

(صفحہ پلٹیں)

کیا CityFHEPS پانے کے لیے مجھے نقد اعانت (Cash Assistance) پر ہونا ضروری ہے؟
اگر آپ کا گھرانہ نقد اعانت کے لیے اہل ہے تو آپ پر یہ فوائد موصول کرنا لازم ہے۔ اس کے علاوہ، آپ کے نقد اعانت کے کیس پر آپ پر "پابندی" نہیں ہو سکتی ہے۔ کسی کیس پر پابندی اس وقت عائد ہوتی ہے جب آپ یا آپ کے گھرانے کے کوئی فرد DSS/HRA کے اصولوں کی تعمیل نہیں کرتے ہوں اور آپ کے گھرانے کو کم فوائد ملتے ہوں۔ اگر آپ یا آپ کے گھرانے میں کسی پر پابندی عائد ہے تو CityFHEPS آپ کو مل پانے سے پہلے اس کا تصفیہ کروانے کے لیے آپ کو DSS/HRA کے جاب سنٹر پر جانا ضروری ہے۔

میں کتنی مدت تک CityFHEPS حاصل کرتا رہ سکتا ہوں؟
CityFHEPS پروگرام عام طور پر چار تک سالانہ تجدید فراہم کرتا ہے، نیز "معقول وجہ" کے مدنظر اضافی توسیع (کل پانچ سال) دستیاب ہے۔

اس زیادہ سے زیادہ پانچ سال کا اطلاق ان گھرانوں پر نہیں ہوتا ہے جس میں 60 سال یا زائد عمر کا کوئی فرد شامل ہو یا جس میں وفاقی معذوری کے فوائد حاصل کرنے والا کوئی بالغ فرد شامل ہو۔ تجدید اہلیتی تقاضے پورا کرتے رہنے والے گھرانوں اور فنڈنگ کی بدستور دستیابی کے ساتھ مشروط ہے۔

CityFHEPS کا استعمال کرکے میں کس قسم کی رہائش کرایے پر لے سکتا ہو؟ میں اپنا CityFHEPS کہاں استعمال کر سکتا ہوں؟
آپ CityFHEPS کو ایک پورا اپارٹمنٹ یا سنگل روم آکیوپنسی (single room occupancy, SRO) یونٹ کرایے پر لینے کے لیے استعمال کر سکتے ہیں۔ کوئی بھی رہائش نیو یارک کے پانچ (5) بورو میں ہونا ضروری ہے۔

SRO یونٹس صرف ایک بالغ فرد والے گھرانوں کے لیے دستیاب ہیں۔ CityFHEPS زیادہ سے زیادہ جتنے کرایے کی اجازت دے گا وہ $1,424 فی ماہ ہے۔

کسی اپارٹمنٹ میں واحد کمرہ زیادہ سے زیادہ دو بالغان کی رہائش کے لیے دستیاب ہوتا ہے۔ CityFHEPS زیادہ سے زیادہ جتنے کرایے کی اجازت دے گا وہ $800 فی ماہ ہے۔

ذیل میں درج ادائیگی کے معیارات سبسڈی کی زیادہ سے زیادہ رقم ہے جو HRA CityFHEPS کے کرایہ دار کی جانب سے مالک یا مالک مکان کو ادا کرے گی۔ HRA کی ادائیگی کے معیارات نیو یارک سٹی ہاؤسنگ اتھارٹی (New York City Housing Authority, NYCHA)کے اختیار کردہ سیکشن 8 کے معیار کی بنیاد پر ہیں۔

ادائیگی کے معیار سے مراد خوابگاہوں کی زیادہ سے زیادہ وہ تعداد ہے جس کیلئے HRA سبسڈی دے گی۔ ادائیگی کے معیارات صرف ان لوگوں کی تعداد پر مبنی ہوتے ہیں جو مدد یافتہ گھرانہ میں رہتے ہیں۔ HRA ہر دو افراد کے لیے ایک خوابگاہ/سونے کی جگہ کی اجازت دے گی۔ مثال کے طور پر، اگر 3 لوگ ہیں تو، HRA 2 خوابگاہ تک کی ادائیگی کرے گی کیونکہ اس سے ایک سونے کی جگہ میں 2 اور دوسری جگہ میں 1 فرد کو سہولت حاصل ہوگی۔

خوابگاہ کا سائز	خاندان کا حجم	ادائیگی کا معیار
SRO/اسٹوڈیو	1	$1,424 (SRO) 1,900$ (اسٹوڈیو)
1	1 یا 2	$1,945
2	3 یا 4	$2,217
3	5 یا 6	$2,805
4	7 یا 8	$3,006
5	9 یا 10	$3,457
6	11 یا 12	$3,908
7	13 یا 14	$4,359

(صفحہ پلٹیں)

اگر مجھے اپنے شاپنگ لیٹر کے مقابلے میں کم خوبگاہ والا اپارٹمنٹ ملے تو کیا ہوگا؟
HRA اصل کرایے کی بنیاد پر معیاری ادائیگی کرے گی، نہ کہ شاپنگ لیٹر کے مطابق۔ مثال کے طور پر، اگر آپ کے شاپنگ لیٹر میں لکھا ہے کہ آپ 3 خوابگاہ والا اپارٹمنٹ کرایہ پر لے سکتے ہیں، لیکن آپ 2 خوابگاہ والا اپارٹمنٹ کرایہ پر لیتے ہیں تو، ہم 2 خوابگاہ والے اپارٹمنٹ کے معیار کے مطابق ادائیگی کریں گے۔

کرایے میں مجھے جتنی رقم ادا کرنی ہے اس کا تعین کس طرح ہوتا ہے؟
کرایے میں آپ کو جتنی رقم ادا کرنی ہے اس کا تعین کئی ایک عوامل سے کیا جاتا ہے۔ ان میں آپ کے گھرانے کا سائز اور گھرانے کے ہر فرد کی آمدنی شامل ہوتی ہے۔

اگر آپ کا مالک مکان کہتا ہے کہ وہ CityFHEPS نہیں لے سکتا ہے تو کیا ہوگا؟
مالکان مکان/بروکرز آپ کو اس وجہ سے کرایے پر دینے سے منع نہیں کر سکتے کہ آپ کو CityFHEPS مل رہا ہے۔ اسے "آمدنی کے ذریعہ" میں امتیاز کہا جاتا ہے اور یہ نیو یارک سٹی میں غیر قانونی ہے۔ اگر مالک مکان آپ کو اس وجہ سے کرایے پر دینے سے منع کر رہا ہے کہ آپ کو CityFHEPS مل رہا ہے تو براہ کرم DSS کے آمدنی کے ذریعہ میں امتیاز سے متعلق یونٹ (DSS Source of Income Discrimination Unit) کو 929-221-6576 پر کال کریں۔

مجھے کیسے معلوم ہوگا کہ CityFHEPS میرے کرایہ دار کو کتنی ادائیگی کرنے والی ہے اور مجھے کتنی ادائیگی کرنی ہوگی؟
اگر آپ کو CityFHEPS کے لیے منظوری مل جاتی ہے تو ہم آپ کو ایک نوٹس بھیجیں گے جو آپ کو بتائے گا کہ ہم آپ کے مالک مکان کو کتنا ادا کریں گے اور آپ پر کتنی رقم اپنے مالک مکان کو ادا کرنا لازم ہے۔

اگر میرا مالک مکان کہتا ہے کہ مجھے اضافی ادائیگی کرنی ہوگی تو کیا ہوگا؟
آپ کا مکان مالک آپ سے کرایہ اور HRA جتنا ادا کر رہا ہے اس کے بیچ فرق سے زائد ادا کرنے کو نہیں کہ سکتا ہے۔

براہ کرم یہ بات ذہن میں رکھیں کہ اگر آپ کا پنگاہ گاہ کا وظیفہ کم ہو جاتا ہے یا اگر آپ کا کرایہ پہلے سال کے بعد زیادہ سے زیادہ سے اوپر چلا جاتا ہے تو آپ کو فرق کی تلافی کرنی ہوگی۔

آپ کا مالک مکان اس وجہ سے سکیورٹی ڈپازٹ جمع کروانے کو نہیں کہہ سکتا ہے کہ DSS انہیں سکیورٹی کے لیے واؤچر دے رہا ہے۔ اگر آپ کا مالک مکان آپ سے زیادہ پیسے ادا کرنے کو کہتا ہے تو براہ کرم فوراً اپنے کیس ورکر کو بتائیں۔

اگر مجھے مدد درکار ہو یا CityFHEPS کے بارے میں کوئی سوال ہو تو میں کسے کال کروں؟
آپ کو درپیش ہو سکنے والے کسی بھی سوال کے بارے میں آپ کو سب سے پہلے اپنے کیس ورکر سے بات کرنی چاہیے۔

کیا مجھے تب تک اسی رہائشی یونٹ میں رہنے کا حق ہے جب تک مجھے CityFHEPS موصول ہوتا ہے؟
عام طور پر، اگر آپ کسی کرایہ منضبط یونٹ میں ہوں تو آپ اسی یونٹ میں رہ سکتے ہیں۔ بصورت دیگر، آپ کو اپنے لیز کی شرائط کی بنیاد پر اپنی یونٹ میں رہنے کا حق ہے۔

اگر میری آمدنی تبدیل ہو جاتی ہے اور میں اپنا زر تعاون ادا نہیں کر سکتا ہوں تو کیا ہوگا؟
آپ اپنی نئی آمدنی کی دستاویزی شہادت منسلک کر کے HRA کے پاس ترمیم کی درخواست جمع کروا سکتے ہیں۔ آپ اپنے CityFHEPS کے کرایے میں اعانت کے لیے تکملہ کی رقم میں ترمیم کی درخواست (Request for a Modification to your CityFHEPS Rental Assistance Supplement Amount) https://www1.nyc.gov/site/hra/help/cityfheps-documents.page پر آن لائن دیکھ سکتے ہیں

(صفحہ پلٹیں)

Department of Social Services
Human Resources Administration

میرا کرایہ کب بڑھ سکتا ہے؟
CityFHEPS آپ کی لیز ختم ہونے کے بعد کرایے میں اضافے سے آپ کا تحفظ نہیں کرتا ہے۔ اگر آپ کرایہ منضبط اپارٹمنٹ میں ہیں تو آپ کا کرایہ صرف قابل اطلاق ضوابط کے مطابق بڑھ سکتا ہے۔
اس میں قابل اجازت سال کے وسط میں ہونے والے اضافے شامل ہیں۔ آپ اپنی تجدید کے ساتھ کرایے میں اضافہ کی رقم کے ہمراہ ایک دستخط شدہ لیز جمع کروا سکتے ہیں یا آپ CityFHEPS کے کرایے میں اعانت کے لیے تکملہ کی رقم میں ترمیم کی درخواست استعمال کر سکتے ہیں جو https://www1.nyc.gov/site/hra/help/cityfheps-documents.page پر آن لائن دستیاب ہے۔

اگر مجھے اپنا کرایہ ادا کرنے میں پریشانی ہو یا رہائش کے کوئی دیگر امور درپیش ہوں تو کیا ہوتا ہے؟
آپ آفٹر کیئر سروس کے لیے ہوم بیس سے رابطہ کر سکتے ہیں۔ اگر آپ کو اپنا کرایہ ادا کرنے میں پریشانی ہو رہی ہے بشمول لیز کی تجدید پر کرایے میں کسی اضافہ کی بابت فوری طور پر ان سے رابطہ کریں۔ اپنے قریب ترین ہوم بیس کا مقام پتہ کرنے کے لیے **311** پر کال کریں۔

آپ کو جان لینا چاہیے

- مالک مکان یا بروکر CityFHEPS قبول کرنے سے انکار نہیں کر سکتے۔ CityFHEPS قبول کرنے سے انکار کرنے پر NYC کے انسانی حقوق کے قانون (NYC Human Rights Law) کے تحت آمدنی کے ذریعہ میں امتیاز لازم آ سکتا ہے۔
- ضمنی سودے ممنوع ہیں۔ ضمنی ڈیل تب ہوتی ہے جب مکان مالک یا بروکر آپ سے اضافی پیشگی یا پھر جاری ادائیگیاں کرنے کا کہتا ہے۔
- اگر کوئی مالک مکان یا بروکر CityFHEPS سے انکار کرتا ہے یا آپ سے ضمنی سودے کا کہتا ہے تو DSS کے آمدنی کے ذریعہ میں امتیاز سے متعلق یونٹ کو 6576-221-(929) پر کال کریں۔
- HRA کے سکیورٹی واؤچر کو سکیورٹی کی ادائیگی مانا جاتا ہے۔ مالک مکان یا بروکر آپ سے سکیورٹی کے لیے کوئی اضافی پیسے ادا کرے کا نہیں کہہ سکتے۔
- بروکرز کو آپ سے اس وجہ سے کوئی اضافی بروکر کی فیس ادا کرنے کو نہیں کہنا چاہیے کہ DSS بروکر کی فیس ادا کر رہا ہے۔
- آپ کا مالک مکان کسی مختلف یونٹ میں منتقل ہونے پر مجبور نہیں کر سکتا.
- آپ نے گھوم پھر کر دیکھنے کے وقت جو یونٹ دیکھا وہ اگر وہی یونٹ نہیں ہے جو منتقلی کے وقت آپ کو پیش کی جا رہی ہے تو فوراً HRA فراڈ ہاٹ لائن (HRA Fraud Hotline) کو 718-722-8001 پر کال کریں۔

CityFHEPS وفاقی سیکشن 8 پروگرام سے ملتا جلتا ہے اس معنی میں کہ، فنڈنگ کی دستیابی کی شرط کے ساتھ، یہ اعانت، بشمول متعین رقوم کی کرایہ میں اعانت ان مالکان مکان اور کرایہ داروں کو فراہم کرتا ہے جو مالک مکان اور کرایہ دار کا رشتہ استوار کرنا چاہتے ہوں۔ کوئی بھی معاہدہ جاتی رشتہ کلی طور پر پروگرام میں شرکت کرنے والے ہر کرایہ دار اور پروگرام میں شرکت کرنے والے ہر کرایہ دار کے مالک مکان کے بیچ ہو گا۔